© rasailojaraid.com

ملک و ملت کے لئے نامسعود ہے۔ اس کا آپریشن کریں۔ خاص طور پر معاشرہ کے پیش ہونے کیلئے یہی کافی ہے۔ خدا آپ کو اور توفیق بخشے۔

محمد سلیم اختر۔ پیفیپ شاہ

---

ہمارے علاقے میں مرزائیوں کا زور ہے۔ الحق میں اس تحریک کے خلاف کافی مواد موجود ہوتا ہے اور اس فرقہ کی کمزوریوں پر منظر عام پر لاتا ہے۔ اکثر حضرات نے اسے بہت پسند کیا۔

محمد عالم چک ۴۳ جنوبی سرگودھا۔

---

علامہ اقبال | ستمبر کا الحق نہایت ایمان افروز اور معلوماتی مضامین کا حامل ہے۔ خصوصاً اسلام جوڑتا ہے توڑتا نہیں، اسلام میں ارتداد کی سزا اور بینک کا منافع ربوا ہے۔ اور پرچے میں اقبال کو قابل فخر سپوت اور اسلام کا اول و آخر شیدائی بتایا گیا ہے۔ آپ کو وہ زمانہ یاد ہوگا کہ انہیں کافر قرار دیا گیا تھا اور اب یہ حالت ہے کہ علماء سٹیج پر اقبال کے دو تین شعر نہ پڑھ لیں تو تقریر کا مزہ ہی غائب سمجھا جاتا ہے۔

ظہیر احمد بہریوالا

---

کوئی اور لفظ تجویز کیا جائے | مضمون "اسلام جوڑتا ہے" میں قوم لوط کے عمل بد جنسی کی تعبیر جیسا کہ عام طور پر معروف ہے۔ لواطت سے کی گئی ہے۔ حضرت لوطؑ کی قوم جو عمل بد کرتی تھی اسے قوم لوط کا فعل کہنا چاہئے۔ نہ کہ حضرت لوطؑ کی ذات کی طرف نسبت اس کے۔ لئے اردو، عربی، فارسی وغیرہ زبانوں سے کوئی بھی لفظ تجویز کرکے استعمال کرنا چاہئے۔ ورنہ میرے خیال میں یہ گناہ عظیم ہے۔

(احمد جان خان۔ خواجکزئی، ڈی۔ آئی۔ خان)

---

مفید مشورے | الحق میں اسلام میں مرتد کی سزا پر مولانا عبدالشکور ترمذی کا جوابی مضمون نہایت موزوں جامع اور اہم ہے۔ اس پر چند مزید اہم باتیں عرض کرتا ہوں۔ مناسب ہو تو اس مضمون کے ضمیمے کے طور پر شائع فرما دیں۔

(صاحبزادہ محمد حنیف اللہ صدیقی گمبٹ ضلع خیرپور میرس)

---

نقش آغاز وقت کی اہم ضروریات پر مبنی اور اسلام سے بہرہ ور پیکر۔ عالمی طاقتوں (روس، برطانیہ، امریکہ اور اسرائیل وغیرہ) جو صیہونیت کی کٹھ پتلیاں ہیں کی نشاندہی میں بلند مقام رکھتا ہے۔ اللہ آپ کے

© rasailojaraid.com